TRUSTED NOT TO COMPROMISE

A member of ASC AMIR S. CHINOY GROUP

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

September 14, 2026

SUBJECT: PRIOR INTIMATION OF ANNUAL GENERAL MEETING NOTICE PUBLICATION

Dear Sir,

This is with reference to Regulation No. 5.6.9. (b) of the Rule Book of Pakistan Stock Exchange.

The 73rd Annual General Meeting of our Company will be held on Tuesday, 6th October 2026, at 10:00 a.m. at Pakistan Stock Exchange, Dr. Shamshad Akhtar Auditorium, PSX Administration Building, I.I. Chundrigar Road, Karachi 74000.

We are enclosing herewith copies of the Notices in English and Urdu for your reference prior to their publication in the newspapers.

Yours Faithfully
Per Pro Pakistan Cables Limited

Natasha

Natasha Mohammad
Head of Legal Affairs and Company Secretary

PAKISTAN CABLES

TRUSTED NOT TO COMPROMISE

A member of ASC AMIR S. CHINOY GROUP

نوٹس برائے 73 واں سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہذا سے مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا 73 واں سالانہ اجلاس عام 6 اکتوبر 2026ء بروز منگل، بوقت 10:00 بجے صبح، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، ڈاکٹر شمشاد اختر آڈیٹوریم، PSX انتظامیہ کی بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، اور ساتھ ہی ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا۔

1۔ **عمومی امور**

i. 4 مئی، 2026ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی روئیداد کی توثیق کرنا۔

ii. ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ہمراہ 30 جون 2026ء کو اختتام پذیر سال کی کمپنی کی سالانہ پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کو وصول کرنا، مدنظر رکھنا اور اپنانا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 223(7) اور ایس آر او نمبر 389(آئی)/2023ء کے مطابق 21 مارچ، 2023ء کو کمپنی کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں، جنہیں درج ذیل لنک اور کیو آر فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

https://www.pakistancables.com/wp-content/uploads/PCL-Annual-Report-2026.pdf

iii. آئندہ برس کے لئے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور 30 جون 2027ء کو اختتام پذیر سال کے لئے ان کا مشاہرہ طے کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو چکے ہیں اور اہل ہونے کی بنا پر اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کرتے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز، بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش کی بنیاد پر، آئندہ برس کے لئے اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی کی بطور آڈیٹر تقرری کی سفارش کرتا ہے۔

خصوصی امور

iv. کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی قابل اطلاق دفعات کے تحت، درج ذیل خصوصی قراردادوں پر غور وخوض اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ترمیم، اضافہ یا حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر منظور کیا جائے:

"قرار پایا ہے کہ تمام قابل اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کی تعمیل اور مطلوبہ ریگولیٹری منظوریوں کے حصول سے مشروط، کمپنی چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("سی ای سی ایل") (CECL) جو کہ ایک متعلقہ کمپنی ہے، کی جانب سے پاکستان کیبلز لمیٹڈ ("پی سی ایل") کے پاس موجود 4,845,000 (صرف چار ملین آٹھ سو پینتالیس ہزار) عام حصص جن کی مالیت فی حصص 10 پاکستانی روپے ہیں، کی خرید واپسی (Buy-back) کی پیشکش کو قبول کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے اور اس کی منظوری دی جاتی ہے۔ مذکورہ حصص سی ای سی ایل (CECL) کے ادا شدہ سرمایہ میں ("پی سی ایل") کی مکمل 17 فیصد حصص داری کی نمائندگی کرتے ہیں، اور ان کی قیمت 72.24 پاکستانی روپے فی حصص مقرر کی گئی ہے، جن کے عوض کل رقم 350,000,000 (صرف تین سو پچاس ملین پاکستانی روپے) ہوگی۔"

مزید قرار پایا کہ پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری، یا ان کی جانب سے مجاز کردہ کوئی دوسرا شخص/اشخاص، کو کمپنی کی جانب سے اور اس کے مفاد میں مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد اور مذکورہ لین دین کی تکمیل کے لیے تمام ضروری، موزوں یا ضمنی اقدامات کرنے، اور تمام ایسے افعال، امور اور اقدامات انجام دینے کا مشترکہ اور انفرادی طور پر اختیار اور مکمل مجازیت دی جاتی ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد کو مؤثر بنانے اور مذکورہ لین دین کو مکمل کرنے کے لیے ضروری، موزوں یا ضمنی ہوں، جن میں، بلاتحدید، پی ایس ایکس اور ایس ای سی پی اور/ یا کسی دیگر متعلقہ اتھارٹی کے پاس تمام مطلوبہ درخواستیں، فائلنگز، دستاویزات اور انکشافات جمع کرانا، اور قابل اطلاق قوانین، قواعد وضوابط یا معاہدوں کے تحت درکار تمام ریگولیٹری، معاہداتی یا تیسرے فریق کی منظوریوں، رضامندیوں یا اجازتوں کا حصول شامل ہے۔

مزید قرار پایا کہ مذکورہ قراردادیں ایس ای سی پی یا کسی دوسری ریگولیٹری باڈی کی جانب سے تجویز کردہ، ہدایت یا حذف کی جانے والی کسی بھی ترمیم، اصطلاح، اضافے یا حذف سے مشروط ہوں گی، جن تبدیلیوں کو ان خصوصی قراردادوں کا حصہ سمجھا جائے گا جب تک کہ شیئر ہولڈرز کوئی قراردادیں منظور کرنے کی ضرورت نہ ہو۔

2۔ **دیگر امور**

چیئر کی اجازت سے سالانہ اجلاس عام میں قانونی طور پر زیر بحث لائے جانے والے دیگر عمومی امور کو زیر غور لانا۔

بحکم بورڈ

نتاشا محمد

قانونی امور کی سربراہ اور کمپنی سیکریٹری

کراچی: 3 ستمبر 2026ء

نوٹس:

1۔ کتاب کی بندش

پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کی شیئر ٹرانسفر بکس 30 ستمبر 2026ء سے 6 اکتوبر 2026ء تک (بشمول دونوں ایام بند رہیں گی)۔ اس دورانیہ میں کسی بھی قسم کی ٹرانسفرز کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ 29 ستمبر، 2026ء کو کاروباری اوقات کار بند ہونے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار بنام سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400، کو موصول ہونے والے باقاعدہ ٹرانسفرز منتقل الیہ کو AGM میں حاضری کے مقصد کی غرض سے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

2۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں شرکت:

وہ حصص یافتگان جو سالانہ اجلاس عام (''AGM'') میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی رجسٹریشن کو یقینی بنانے کے لیے اپنی تفصیلات مقررہ ای میل ایڈریس: investor.relations@pakistancables.com یا واٹس ایپ نمبر: +923008503969، پر 5 اکتوبر، 2026ء کو شام 5:00 بجے تک درج ذیل معلومات اپنے شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کے ہمراہ ارسال کریں:

ای میل ایڈریس	موبائل نمبر	حصص کی تعداد	شناختی کارڈ نمبر	حصص یافتگان کا نام	فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر

ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کی تفصیلات ممبران کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھیجی جائیں گی۔ لاگ ان کی سہولت سالانہ اجلاس عام کے دن صبح 09:45 بجے کھولی جائے گی جس سے شرکاء اجلاس میں شامل ہونے سے پہلے شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد اجلاس کی کارروائی میں شامل ہوسکیں گے، جو صبح 10:00 بجے شروع ہوگا۔

3۔ پراکسیز:

سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی لازماً کمپنی کا ممبر ہونا چاہئے۔ سالانہ اجلاس عام کے لئے پراکسی کی لاگو دستاویز اس نوٹس کے ساتھ فراہم کی جارہی ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.pakistancables.com سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

پراکسی کے تقرر کی دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے ماتحت اسے سائن کیا گیا ہو یا اس کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع، عارف حبیب سینٹر، پہلی منزل، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی investor.relations@pakistancables.com پر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائی جائے۔

4۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو 26 جنوری، 2000ء کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ مراسلہ 1 میں بیان کردہ ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

A. اجلاس میں شرکت کے لئے:

(i) فردی کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کو، جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے لئے اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصلی پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ بمعہ نمونہ کے دستخط اور نامزد کے مؤثر ("CNIC") کی مصدقہ نقل (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگی۔

B. پراکسیز کی تقرری کے لئے:

(i) فردی کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں کو اپنا پراکسی فارم مذکورہ بالا معیار کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

(ii) دو افراد پراکسی فارم کی شہادت دیں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے پاسپورٹ یا CNIC کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائیں گی۔

(iv) پراکسی AGM کے موقع پر اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرے گا/ گی۔

(v) کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ بمعہ کاروباری ادارہ کی جانب سے پیش ہونے اور ووٹ کرنے کے لئے نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط اور مؤثر CNIC کی مصدقہ نقل کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائے گی۔

5۔ پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot) اور ای ووٹنگ (E-Voting):

ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018ء اور اس میں ترمیم شدہ نوٹیفکیشن کے مطابق پاکستان کیبلز لمیٹڈ کمپنی کے اراکین کو آئندہ سالانہ اجلاس عام میں، جو بروز منگل، 6 اکتوبر 2026ء کو صبح 10:00 بجے منعقد ہوگا، خصوصی کاروباری امور کے سلسلے میں الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ ووٹنگ مذکورہ ریگولیشنز میں درج طریقہ اور ضوابط کے مطابق منعقد کی جائے گی۔

ممبران کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپرز کو اس نوٹس کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے اور ڈاؤن لوڈ کے لئے یہ کمپنی کی ویب سائٹ: www.pakistancables.com پر بھی دستیاب ہے۔

A. ای ووٹنگ (E-Voting) کا طریقہ:

۱) ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے درست شناختی کارڈ نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس 29 ستمبر 2026 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبروں کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

۲) ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے اور CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروسز پرووائیڈر رہونے کے ناطے)، کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سیکیورٹی کوڈ فراہم کیے جائیں گے۔

۳) ای ووٹنگ (E-Voting) کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

۴) ای ووٹنگ (E-Voting) لائن 1 اکتوبر 2026ء کو صبح 10:00 بجے سے شروع ہوگی اور مورخہ 5 اکتوبر 2026ء کو شام 5:00 بجے تک بند ہوگی۔ ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکیں گے۔ ایک بار جب کسی ممبر کی طرف سے قراردادوں پر ووٹ ڈال دیا جاتا ہے تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

B. پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot) کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (''CNIC'') کی کاپی کے ہمراہ باقاعدہ پُر کئے گئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بنام چیئرمین، پاکستان کیبلز لمیٹڈ، عارف حبیب سینٹر، پہلی منزل، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی، پر 5 اکتوبر 2026ء کو شام 5:00 بجے تک پہنچ جائیں یا چیئرمین کے ای میل chairman.pcl@pakistancables.com پر ای میل کریں، پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC/ پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہیے۔

6۔ درست شناختی کارڈ/ این ٹی این کی کاپی جمع کرانا (لازمی):

ایسے اراکین جنہوں نے کمپنی/شیئر رجسٹرار کو اپنے جائز شناختی کارڈ کی نقل ابھی تک جمع نہیں کروائی ہے، کو ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار بنام سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400، کو ارسال کریں۔ کاروباری اداروں کو درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔ برائے مہربانی CNIC کی نقل/ NTN تفصیلات کے ہمراہ فولیو نمبر فراہم کریں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مورخہ 18 اگست 2011ء کے مراسلہ نمبر SRO779(I)2011 اور 5 جولائی 2012ء کے مراسلہ نمبر SRO831(I)2012 کے تحت ہم پر لازم ہے کہ CNIC نمبر موجود نہ ہونے کی صورت میں منافع منقسمہ کی ادائیگی کو روکا جائے۔ جائز CNIC کی نقل وصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی SECP کے مذکورہ SROs کی تعمیل کی پابند ہوگی۔

7۔ پتہ میں تبدیلی کی اطلاع اور زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا حلف نامہ (CZ-50):

حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتہ میں تبدیلی، زکوٰۃ کا اعلامیہ اور ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ (اگر موجود ہے) سے متعلق کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400، کو فوری آگاہ کریں۔ مزید برآں، حصص دار جو اپنے منافع منقسمہ سے زکوٰۃ کی کٹوتی نہیں کروانا چاہتے، وہ زکوٰۃ اینڈ عشر آرڈیننس 1980ء اور زکوٰۃ (کٹوتی اور واپسی) قواعد 1981ء کے تحت اپنا CZ-50 فارم جمع کرائیں۔

8۔ سالانہ رپورٹ کی برقی ترسیل:

SECP نے اپنے مورخہ 21 مارچ 2023ء کے ایس آر او نمبر 389(آئی)/2023ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع و نقصان کا اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ (''سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات'') کی ... ترسیل کی اجازت دی ہے۔ ... حصص داران جو سالانہ رپورٹ کی مطبوعہ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب فارم ... کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400 کو جمع کرائیں۔

9۔ غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈز اور شیئرز سرٹیفکیٹس:

حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے سابقہ ڈیویڈنڈ اور فزیکل شیئرز وصول نہیں کیے ان سے ایک بار پھر التماس ہے کہ وہ ان کی وصولی کیلئے ہمارے شیئرز رجسٹرار سے رجوع کریں۔

10۔ غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ کی برقی ترسیل:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کی ضروریات کے تحت نقد منافع منقسمہ اہل حصص داران کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں بذریعہ برقی طریقہ کار ادا کیا جائے گا۔ حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ منافع منقسمہ کی منتقلی کے لئے مقرر کیے گئے اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات بشمول ٹائٹل آف اکاؤنٹ، بینک اکاؤنٹ نمبر، بینک کا نام، برانچ کوڈ اور IBAN فراہم کریں، فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://www.pakistancables.com/wp-content/uploads/E-Transmission-of-Dividend-Urdu-1.pdf ایک بار فراہم کریں۔ براہ مہربانی یقینی بنائیں کہ تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400، کو اپنے بروکر/شراکتی دار/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو درست ہوں، جس کی عدم موجودگی کی صورت میں کمپنی کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہونا پڑے گا۔

11۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری کی شکل میں تبدیلی:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 72 کی پابندی کی ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کریں۔ ایک لسٹڈ کمپنی کے طور پر پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے لئے بھی مذکورہ بالا ایکٹ کی شقوں کی پابندی لازمی ہے۔ لہٰذا فزیکل فولیوز/ شیئرز سرٹیفکیٹس رکھنے والے پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری کی شکل میں تبدیل کروائیں۔ شیئر ہولڈرز CDC کا اکاؤنٹ کھلوانے اور بعد ازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کروانے میں مدد کے لئے اپنے بروکر، PSX ممبر، CDC پارٹی سپینٹ یا CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں رکھنے کے ... فوائد ہیں ... مزید معلومات کے لئے شیئر ہولڈرز پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کروانے کے لئے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

12۔ اسکروٹینائزر (Scrutinizer) کی تقرری:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 (''ریگولیشنز'') کے قاعدہ نمبر 11 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے میسرز UHY حسن نعیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو کہ QCR ریٹنگ کی حامل آڈٹ فرم ہے، کو سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروباری امور کے لئے ووٹنگ کے عمل کی جانچ پڑتال کے لئے بطور اسکروٹینائزر مقرر کیا گیا ہے۔ ریگولیشن 11A کے تحت بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں بھی انجام دے گا۔ اسکروٹینائزر کی اہلیت اور تجربے سے متعلق تفصیلات ان کی ویب سائٹ https://uhy-hnco.com پر دستیاب ہے۔

13۔ تحفے دینے کی ممانعت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے مورخہ 09 فروری، 2018ء کو اپنے سرکلر نمبر 2 آف 2018ء اور مورخہ 17 مارچ، 2025ء ایس آر او 452(I)/2025ء کے ذریعے کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ عام اجلاسوں کے موقع پر یا ان کے سلسلے میں اراکین کو کسی قسم کے تحائف، ترغیبات یا اسی نوعیت کے فوائد (بشمول مگر محدود نہیں ٹوکن، کوپن، کھانے یا ٹیک اوے پیکجز) پیش یا تقسیم نہ کریں۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 185 کے تحت ان ہدایات پر عمل نہ کرنا قابل سزا جرم ہے اور خلاف ورزی کی صورت میں کمپنیوں کے خلاف قانونی کارروائی اور جرمانے عائد کیے جاسکتے ہیں۔ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134(3) کے تحت بیان

ایجنڈا آئٹم 4۔ متعلقہ کمپنی، چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کی فروخت/ تصرف:

کمپنی کی خواہش ہے کہ وہ اپنی متعلقہ کمپنی چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("سی ای سی ایل") کی پیش کردہ اس پیشکش کو کہ اس کے 4,845,000 عام حصص جن کی مالیت فی حصص 10 پاکستانی روپے کے حساب سے ہے واپس خریدنے کی پیشکش کو قبول کرے۔ یہ حصص سی ای سی ایل (CECL) اپنے ادا شدہ سرمایہ میں پاکستان کیبلز لمیٹڈ کی مکمل 17 فیصد حصص داری پر 10 پاکستانی روپے فی حصص پر مشتمل ہیں۔ یہ حصص کمپنی 72.24 روپے فی حصص کی قیمت پر واپس خریدے گی۔ اس طرح مذکورہ حصص کی فروخت کے عوض کل رقم 350,000,000 (صرف تین سو پچاس ملین پاکستانی روپے) بنتی ہے۔"

پاکستان کیبلز لمیٹڈ (پی سی ایل) نے ستمبر 2024 میں چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("سی ای سی ایل") کے 4,845,000 حصص (17 فیصد)، فی حصص 10 پاکستانی روپے کے حساب سے حاصل کیے، جو 48.45 ملین پاکستانی روپے کی سرمایہ کاری کے مساوی ہیں۔ سی ای سی ایل (CECL) بنیادی طور پر تعمیراتی کاروبار سے متعلق کاموں میں مصروف ہے۔

انتظامیہ نے (پی سی ایل) کی مکمل 17 فیصد حصص داری کو جو کہ 350 ملین پاکستانی روپے ہیں، فروخت کرنے کے لیے مذاکرات مکمل کیے ہیں، جو فی حصص 72.24 پاکستانی روپے کے مساوی ہے۔ مجوزہ فروخت کے نتیجے میں تقریباً 301.55 ملین پاکستانی روپے کا قبل از ٹیکس منافع حاصل ہونے کی توقع ہے۔

مذکورہ سرمایہ کاری کی فروخت ضروری قانونی اور کارپوریٹ منظوریوں سے مشروط ہے۔

لہٰذا، انتظامیہ سفارش کرتی ہے کہ سی ای سی ایل (CECL) کے 4,845,000 حصص پر مشتمل (پی سی ایل) کی مکمل 17 فیصد حصص داری کو فی حصص 72.24 پاکستانی روپے کے حساب سے 350 ملین پاکستانی روپے میں فروخت کردیا جائے، جس کے نتیجے میں خاطر خواہ منافع حاصل ہوگا، جبکہ تعمیراتی کاروبار اور سی ای سی ایل (CECL) کے زیر تکمیل منصوبوں سے وابستہ بڑھتے ہوئے لاجسٹکس، کاروباری اور مالیاتی خطرات میں بھی کمی واقع ہوگی۔

تفصیلات **SRO423(1)/2018** مورخہ **03 اپریل 2018** کے مطابق:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 183 کے تحت لین دین کے لیے اس کے بڑے حصے کی فروخت یا اس کے تصرف کے لیے متعلق خصوصی کاروبار، جس کے تحت اراکین کی منظوری حاصل کی جاتی ہے۔ SRO423(1)/2018 مورخہ 03 اپریل 2018ء کے تحت مطلوبہ اہم معلومات، جہاں بورڈ آف ڈائریکٹرز کسی "انڈرٹیکنگ" یا اس کے "قابل قدر حصہ" کو فروخت کرنے یا کسی اور طریقے سے اس کا تصرف کرنے کی تجویز پیش کرتا ہے، درج ذیل فراہم کی گئی ہیں۔

نمبر شمار	ایس آر او کی تفصیل	کمپنی کی تفصیل
1۔	فروخت، لیز پر دیے جانے یا تصرف میں لائے جانے والے اثاثوں کی تفصیل	
i	اثاثہ کی تفصیل/نام	4,845,000 سی ای سی ایل (CECL) کے حصص
ii	اثاثوں کے حصول کی تاریخ	9 ستمبر، 2024ء
iii	لاگت	48.45 ملین روپے
iv	ری ویلیوڈ اماؤنٹ اور ری ویلیوایشن کی تاریخ (اگر قابل اطلاق ہو)	قابل اطلاق نہیں
v	بک ویلیو	350 ملین روپے
vi	تخمیناً موجودہ مارکیٹ میں قیمت/ منصفانہ ویلیو	350 ملین روپے
vii	فروخت کی صورت میں اگر متوقع قیمت فروخت، بک ویلیو یا منصفانہ ویلیو سے کم ہے تو اس کی وجوہات	قابل اطلاق نہیں
viii	اثاثوں کی لیز کی صورت میں، میعاد، لیز کے کرائے، انکریمنٹ کی شرح؛ لیز کرائے کے تعین کا طریقہ/ بنیاد؛ اور لیز کی دیگر اہم شرائط وضوابط	قابل اطلاق نہیں
ix	زمین کے ڈسپوزل کی صورت میں اضافی معلومات ۱) محل وقوع ۲) اراضی کی نوعیت ۳) فروخت کا تجویز کردہ رقبہ	قابل اطلاق نہیں
2	مذکورہ اثاثوں کو فروخت کرنے کا مجوزہ طریقہ	حصص کو بورڈ آف ڈائریکٹرز اور حصص یافتگان کی طرف سے مجاز اور منظور شدہ اشخاص کے ذریعے فروخت کے طور پر تصرف میں لایا جائے گا۔
3	اگر کمپنی نے خریدار کی نشاندہی کی ہے، جو متعلقہ فریق ہے تو یہ حقیقت مادی حقائق میں اشیاء کے بیان میں ظاہر کیا جائے گا۔	ہاں

مذکورہ بالا خصوصی کاروبار سے متعلق دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں رکھی گئی ہیں اور اس نوٹس کی اشاعت کی تاریخ سے عام اجلاس کے اختتام تک کسی بھی کام کے دن کاروباری اوقات کے دوران ان کا معائنہ کیا جاسکتا ہے۔

جناب مصطفیٰ اے چنائے، جناب کمال اے چنائے اور جناب فہد کے چنائے، کمپنی چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("سی ای سی ایل") (CECL) اور پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے مشترکہ ڈائریکٹرز ہیں۔ مذکورہ مشترکہ ڈائریکٹرشپ کے علاوہ، مندرجہ بالا خصوصی امور میں کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا براہ راست یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے، سوائے اس حیثیت کے وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز ہیں۔

پاکستان کیبلز لمیٹڈ

پاکستان کیبلز لمیٹڈ، عارف حبیب سینٹر، پہلی منزل، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی، پاکستان

فون نمبر: 537-222-111-021 ویب سائٹ: www.pakistancables.com، ای میل ایڈریس: chairman.pcl@pakistancables.com

ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے لئے بیلٹ پیپر

سالانہ اجلاس عام، بروز منگل 6 اکتوبر، 2026ء کو صبح بوقت 10:00 بجے، منعقد ہوگا، بمقام پاکستان اسٹاک ایکسچینج، ڈاکٹر شمشاد اختر آڈیٹوریم، PSX انتظامیہ کی بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، ساتھ ہی ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے۔

چیئرمین کا نامزد کردہ ای میل ایڈریس، جس پر بیلٹ پیپر صحیح طریقے سے پُر شدہ بھیجا جاسکتا ہے: chairman.pcl@pakistancables.com

شیئر ہولڈر کا نام/ جوائنٹ شیئر ہولڈر کا نام	
شیئر ہولڈر کا رجسٹرڈ پتہ	
ملکیتی حصص کی تعداد (29 ستمبر، 2026ء)	
فولیو نمبر	
CNIC/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک ہو)	
اضافی معلومات اور دستاویزات منسلک کریں (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں)	

پول کے لیے ہدایات:

براہ کرم (✓) کا نشان لگا کر اپنے ووٹ کا اظہار کریں۔

اگر حق میں (FOR) اور مخالفت میں (AGAINST) دونوں خانوں میں (✓) کا نشان لگا دیا جائے تو متعلقہ خانہ [مسترد] شمار کیا جائے گا۔

میں/ ہم بذریعہ بیلٹ ذیل میں دی گئی قرارداد کے حوالے سے اپنا/ اپنے ووٹ کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں مناسب خانے میں (✓) کا نشان لگا کر قرارداد کے حق میں یا مخالفت میں اپنی رضامندی یا عدم رضامندی کا اظہار کرتا ہوں/ کرتے ہیں

نمبر شمار	قرارداد کی نوعیت اور تفصیل	شیئرز کی تعداد جن کیلئے ووٹ ڈالا گیا	میں/ ہم قرارداد سے اتفاق کرتا ہوں/ کرتے ہیں (منظور)	میں/ ہم قرارداد سے اختلاف کرتا ہوں/ کرتے ہیں (نامنظور)
1۔	ایجنڈا آئٹم 4۔ متعلقہ کمپنی، چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کی فروخت/ تصرف: "قرار پایا ہے کہ تمام قابل اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کی تعمیل اور مطلوبہ ریگولیٹری منظوریوں کے حصول سے مشروط، کمپنی چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("سی ای سی ایل") (CECL) جو کہ ایک متعلقہ کمپنی ہے، کی جانب سے پاکستان کیبلز لمیٹڈ ("پی سی ایل") کے پاس موجود 4,845,000 (صرف چار ملین آٹھ سو پینتالیس ہزار) عام حصص جن کی مالیت فی حصہ 10 پاکستانی روپے ہیں، کی خرید واپسی (Buy-back) کی پیشکش کو قبول کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے اور اس کی منظوری دی جاتی ہے۔ مذکورہ حصص سی ای سی ایل (CECL) کے ادا شدہ سرمایہ میں ("پی سی ایل") کی مکمل 17 فیصد حصص داری کی نمائندگی کرتے ہیں، اور ان کی قیمت 72.24 پاکستانی روپے فی حصص مقرر کی گئی ہے، جس کے عوض کل رقم 350,000,000 (صرف تین سو پچاس ملین پاکستانی روپے) ہوگی۔" مزید قرار پایا کہ پاکستان کیبلز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری، یا ان کی جانب سے مجاز کردہ کوئی دوسرا شخص/اشخاص، کو کمپنی کی جانب سے اور اس کے مفاد میں مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد اور مذکورہ لین دین کی تکمیل کے لیے تمام ضروری، موزوں یا ضمنی اقدامات کرنے، اور تمام ایسے افعال، امور اور اقدامات انجام دینے کا مشترکہ اور انفرادی طور پر اختیار اور مکمل مجازیت دی جاتی ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد کو مؤثر بنانے اور مذکورہ لین دین کو مکمل کرنے کے لیے ضروری، موزوں یا ضمنی ہوں، جن میں، بلاتحدید، پی ایس ایکس اور ایس ای سی پی اور/ یا کسی دیگر متعلقہ اتھارٹی کے پاس تمام مطلوبہ درخواستیں، فائلنگز، دستاویزات اور انکشافات جمع کرانا، اور قابل اطلاق قوانین، قواعد وضوابط یا معاہدوں کے تحت درکار تمام ریگولیٹری، معاہداتی یا تیسرے فریق کی منظوریوں، رضامندیوں یا اجازتوں کا حصول شامل ہے۔ مزید قرار پایا کہ مذکورہ قراردادیں ایس ای سی پی یا کسی دوسری ریگولیٹری باڈی کی جانب سے تجویز کردہ، ہدایت یا حذف کی جانے والی کسی بھی ترمیم، اصطلاح، اضافے یا حذف سے مشروط ہوں گی، جن تبدیلیوں کو ان خصوصی قراردادوں کا حصہ سمجھا جائے گا جب تک کہ شیئر ہولڈرز کوئی قراردادیں منظور کرنے کی ضرورت نہ ہو۔			

شیئر ہولڈر کے دستخط: ________ تاریخ: ________ مقام: ________

نوٹس/ بیلٹ پیپر جمع کرانے کے لیے طریقہ کار:

۱۔ درست طور پر اور دستخط شدہ اصل پوسٹل بیلٹ پیپر چیئرمین جناب مصطفیٰ اے چنائے، پاکستان کیبلز لمیٹڈ، عارف حبیب سینٹر، پہلی منزل، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی، یا اصل پوسٹل بیلٹ کی اسکین شدہ کاپی ای میل ایڈریس، chairman.pcl@pakistancables.com پر بھیجنا چاہیے۔

۲۔ CNIC/ پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

۳۔ پوسٹل بیلٹ فارم 5 اکتوبر، 2026ء کو شام 5:00 بجے تک یا اس سے پہلے دفتری اوقات کے دوران، اجلاس کے چیئرمین تک پہنچنا چاہئے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قابل قبول نہیں ہوگا۔

۴۔ پوسٹل بیلٹ پر کیے گئے دستخط قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پر موجود دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔

۵۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کاٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا مسخ شدہ دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

۶۔ کارپوریٹ ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں پوسٹل بیلٹ کے ساتھ مجاز شخص کے قومی شناختی کارڈ کی نقل، نیز کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 یا 139 کے مطابق بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ اتھارٹی لیٹر کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا لازمی ہوگا۔

۷۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ: www.pakistancables.com پر بھی دستیاب ہے اسکے علاوہ اراکین ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع شدہ اصل/ فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

۸۔ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018 کے ریگولیشن 11(1)(a) کے تحت میسرز UHY حسن نعیم اینڈ کمپنی کو جانچ کار مقرر کیا گیا ہے۔ میسرز UHY حسن نعیم اینڈ کمپنی QCR ریٹڈ آڈٹ فرم ہے جس کے پاس ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال کا ضروری علم اور تجربہ موجود ہے۔

50x8

PAKISTAN CABLES

TRUSTED NOT TO COMPROMISE

A member of ASC AMIR S. CHINOY GROUP

Notice of 73rd Annual General Meeting

NOTICE IS HEREBY GIVEN THAT THE 73rd Annual General Meeting (the "AGM") of the shareholders of Pakistan Cables Limited (the "Company") will be held on Tuesday, 6th day of October, 2026 at 10:00 a.m. at Pakistan Stock Exchange, Dr. Shamshad Akhtar Auditorium, PSX Administration Building, I.I. Chundrigar Road, Karachi 74000, as well as through Video Conferencing facility to transact the following business:

1. **ORDINARY BUSINESS**
   i. To confirm the Minutes of the Extraordinary General Meeting held on May 04, 2026.
   ii. To receive, consider and adopt the Annual Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2026 together with the Reports of the Directors and Auditors thereon.

   In accordance with Section 223(7) of the Companies Act, 2017 and S.R.O No.389(I)/2023 dated March 21, 2023, the financial statements of the Company have been uploaded on the Company's website which can be downloaded from the following link and QR enabled code:

   https://www.pakistancables.com/wp-content/uploads/PCL-Annual-Report-2026.pdf

   iii. To appoint Auditors for the ensuing year and to fix their remuneration for the year ending June 30, 2027. The present auditors, M/s. A. F. Ferguson & Co., Chartered Accountants, have retired and being eligible, have offered themselves for re-appointment. The Board of Directors recommends, based on the recommendation of the Board Audit Committee, the appointment of M/s. A. F. Ferguson & Co., Chartered Accountants as auditors for the ensuing year.

2. **SPECIAL BUSINESS**
   iv. To consider and if deemed fit, pass with or without modification(s), addition(s) or deletion(s), the following Special Resolution(s) under the applicable Section(s) of the Companies Act, 2017, as recommended by the Board of Directors of the Company:

   "**RESOLVED THAT** subject to compliance with all applicable laws, regulations and requisite regulatory approvals, the Company be and is hereby authorized to accept the offer of Chinoy Engineering & Construction (Private) Limited ("CECL"), an associated company, for the buy-back of 4,845,000 (Four Million Eight Hundred Forty-Five Thousand) ordinary shares of PKR 10 each held by Pakistan Cables Limited ("PCL"), representing PCL's entire 17% shareholding in the paid-up capital of CECL, at a price of PKR 72.24 per share, for an aggregate consideration of PKR 350,000,000 (Pakistani Rupees Three Hundred Fifty Million only).

